فوری ریلیز کے لیے: 24/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا زیادہ طلب والے شعبوں کی، مختصر مدتی ملازمتی تربیت تک رسائی میں اضافے کے لیے ورک فورس پیل درخواستیں کھولنے کا اعلان

قابلِ استطاعت بنانے کے حوالے سے یہ نیا اقدام تیز رفتار شرح نمو والی صنعتوں میں سیکنڈری تعلیم کے بعد کی مختصر مدتی اسناد کے لیے وفاقی پیل گرانٹس کے دروازے کھولتا ہے

اہل اداروں کے پروگراموں کی منظوری کے عمل کو آسان بنانے کے لیے ورک فورس پیل مشاورتی کمیٹی قائم

ادارے پروگرام کی درخواستیں یہاں جمع کروا سکتے ہیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک نے ورک فورس پیل پروگرام (Workforce Pell Program) کے لیے درخواست پورٹل باضابطہ طور پر کھول دیا ہے۔ یہ انقلابی اقدام زیادہ طلب والی، سیکنڈری تعلیم کے بعد کی مختصر مدتی اسناد حاصل کرنے والے طلبہ کے لیے وفاقی پیل گرانٹ کی اہلیت میں توسیع کرتا ہے۔ قلیل مدتی تربیتی پروگراموں کو زیادہ قابلِ استطاعت بنا کر، یہ نیو یارک کے ہزاروں شہریوں کو جدید مینوفیکچرنگ سے لے کر نگہداشتِ صحت تک، ریاست کی اہم ترین صنعتوں میں اپنے کریئر کو تیزی سے آگے بڑھانے میں مدد دے گا۔

"گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔ "نیو یارک کا ہر شہری اچھی تنخواہ والے کریئر تک قابلِ استطاعت راہ حاصل کرنے کا حق دار ہے۔" نیو یارک کے شہریوں کے لیے مؤثر نتائج دینے کا ثابت شدہ ریکارڈ رکھنے والی، قلیل مدتی اسناد کے لیے وفاقی پیل گرانٹس کی دستیابی بڑھا کر، ہم محنت کش خاندانوں کے لیے مواقع کو زیادہ مساوی بنا رہے ہیں اور نیو یارک کی تیزی سے ترقی کرنے والی صنعتوں کو تقویت دینے کے لیے ہنرمند افراد کی ایک مضبوط کھیپ تیار کر رہے ہیں۔ ہم آجروں کو یہ پیغام دے رہے ہیں کہ نیو یارک کاروبار کے لیے دستیاب ہے اور ان کی افرادی قوت کی ضروریات پوری کرنے کے لیے بھی مکمل طور پر تیار ہے۔"

تاریخی طور پر، وفاقی پیل گرانٹس روایتی اور طویل مدتی ڈگری پروگراموں تک محدود رہی ہیں، جس کی وجہ سے بہت سے بالغ متعلمین اور محنت کش طبقے کے طلبہ تیز رفتار، کریئر پر مرکوز تربیت کے اخراجات برداشت نہیں کر پاتے تھے۔ نیا ورک فورس پیل پروگرام طلبہ کے لیے ممکن بناتا ہے کہ یہ گرانٹس کم از کم آٹھ ہفتوں اور 15 ہفتوں سے کم مدت والے اعلیٰ معیار کے پروگراموں (150–599 کلاک آورز) کے لیے استعمال کر سکیں۔

اس پورٹل کے آغاز سے اعلیٰ تعلیمی ادارے اپنے ایسے پروگراموں کے لیے درخواست دے سکیں گے جن سے طلبہ کی کامیابی کے ٹھوس نتائج سامنے آئے ہوں تاکہ انہیں ورک فورس پیل فنڈنگ (Workforce Pell Funding) حاصل ہو سکے۔ اس پروگرام کے نفاذ کا انتظام کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ریاست، نیو یارک کے شہریوں کو مؤثر نتائج دینے والے پروگراموں تک فوری رسائی فراہم کرنے کی سمت میں آگے بڑھے، گورنر Hochul (ہوکل) نے **ورک فورس پیل مشاورتی کمیٹی (Workforce Pell Advisory Committee)** قائم کی ہے۔ یہ کمیٹی جس میں گورنر کے دفتر، ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت (Department of Labor)، CUNY، SUNY، اور غیر منافع بخش و منافع بخش دونوں طرح کے نجی کالجوں کے نمائندے شامل ہیں، ہر ماہ اجلاس کرے گی تاکہ اہل پروگراموں کا جائزہ لے کر سرٹیفکیشن کے لیے سفارش کی جا سکے۔

ورک فورس پیل سرٹیفکیشن کے لیے اہل ہونے کے لیے، اعلیٰ تعلیم کے اداروں کو یہ ثابت کرنا ہو گا کہ ان کے پروگراموں کا نیو یارک کے شہریوں کی مدد کرنے کا مؤثر ریکارڈ موجود ہے، ان پروگراموں کا لیبر مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہونا اور معیار و کارکردگی کے مقررہ معیارات پر پورا اترنا ضروری ہو گا، جن میں شامل ہیں:

- **لیبر مارکیٹ سے ہم آہنگی:** ان پروگراموں کو طلبہ کو واضح طور پر ایسے اعلیٰ مہارت والے، زیادہ اجرت والے یا زیادہ طلب والے پیشوں کے لیے تیار کرنا ہو گا جن کی نشاندہی ریاست نیو یارک کے ورک فورس انوویشن اینڈ اپرچیونٹی ایکٹ (Workforce Innovation and Opportunity Act, WIOA) کے مشترکہ ریاستی منصوبے یا پرکنز V پلان (Perkins V Plan) میں کی گئی ہے۔
- **کارکردگی کے مصدقہ ریکارڈز:** پروگرام سرٹیفکیشن سے کم از کم 12 ماہ پہلے سے کام کر رہے ہوں اور یہ کم از کم 70 فیصد تکمیل کی شرح نیز پروگرام مکمل ہونے کے بعد 70 فیصد ملازمتیں حاصل کرنے کی شرح، جس کی پیمائش تکمیل کے 180 دن بعد کی جائے گی، برقرار رکھتے ہوں۔
- **قابلِ تسلسل اور قابلِ منتقلی اسناد:** کریڈٹ دینے والے پروگراموں کو یہ ثابت کرنا ہو گا کہ ان کے حاصل کردہ کریڈٹس براہِ راست کسی رجسٹرڈ سرٹیفکیٹ یا ڈگری پروگرام میں "ضم" کیے جا سکتے ہیں۔ نان کریڈٹ پروگراموں کو یہ دکھانا ہو گا کہ وہ شرکاء کے لیے مزید مواقع کا راستہ کھولیں گے۔
- **اپرنٹس شپ کا انضمام:** رجسٹرڈ اپرنٹس شپ پروگرام کے لیے متعلقہ تکنیکی تدریس کے طور پر چلنے والے پروگرام صنعت سے ہم آہنگی اور آجروں کے بھرتی سے متعلق تقاضے خودکار طور پر پورے کرتے ہیں، جس سے نیو یارک میں یونینز اور ہنرمند پیشوں سے متعلق تربیت کے مضبوط سلسلے مزید مستحکم ہوتے ہیں۔

آج کا اعلان اس بات کا مزید ثبوت ہے کہ گورنر Hochul (ہوکل) نے نیو یارک کے خاندانوں کے لیے جدوجہد کرنے کا اپنا وعدہ پورا کیا ہے۔ پانچ سال قبل آج ہی کے دن عہدے کا حلف اٹھانے کے بعد سے، انہوں نے اعلیٰ تعلیم کو زیادہ قابلِ استطاعت بنانے کے لیے سرمایہ کاری کا ایک مضبوط ریکارڈ قائم کیا ہے، جن میں شامل ہیں:

- **ٹیوشن فیس منجمد کرنا:** SUNY کے ریاست کے زیرِ انتظام کیمپسز اور CUNY کے سینئر کالجوں میں کئی سالہ ٹیوشن فیس منجمد کرنے کا نفاذ کر کے ریاستی رہائشی انڈرگریجویٹ طلبہ کی ٹیوشن فیس کو قابو میں رکھا۔
- **TAP میں تاریخی توسیع:** ٹیوشن اسسٹنس پروگرام (Tuition Assistance Program, TAP) میں تاریخی توسیع کی نگرانی کی، جس کے تحت زیرِ کفالت طلبہ کے لیے آمدنی کی اہلیت کی حد $80,000 سے بڑھا کر $125,000 کر دی، کم از کم امدادی رقم $500 سے دوگنا کر کے $1,000 کر دی، اور صرف 3 کی تعداد تک کم کریڈٹس لینے والے پارٹ ٹائم طلبہ تک بھی اہلیت میں توسیع کی۔
- **یونیورسل FAFSA اور درخواست فیس میں چھوٹ:** یونیورسل FAFSA کی تکمیل کے لیے اقدامات نافذ کیے اور ریاست نیو یارک کے کالج کی درخواست کے ماہ (NYS College Application Month) کے دوران 300,000 سے زیادہ درخواست دہندگان کے لیے کالج کی درخواست فیس معاف کی، جس سے خاندانوں کو لاکھوں ڈالر کی بچت ہوئی۔
- **SUNY اور CUNY ری کنیکٹ:** بالغ متعلمین کے لیے $60 ملین کی سرمایہ کاری فراہم کی تاکہ اگر وہ نگہداشتِ صحت، سائبر سیکیورٹی یا جدید مینوفیکچرنگ جیسے زیادہ طلب والے شعبے میں ڈگری حاصل کریں تو کمیونٹی کالج میں مفت تعلیم حاصل کر سکیں۔ اس پروگرام کے شاندار نتائج سامنے آئے ہیں: اس سال ریاست بھر کے کالجوں کو 16,500 درخواستیں موصول ہوئیں اور 12,000 سے زیادہ طلبہ پروگرام میں داخل ہوئے۔
- **کریئر کنیکٹ (Career Connect) اقدام اور امپائر اسٹیٹ سروس کور (Empire State Service Corps) کو دوگنا کیا گیا:** اس بات کو یقینی بنانے کے لیے $17 ملین کی سرمایہ کاری کی گئی کہ SUNY اور CUNY کے طلبہ کو بامعاوضہ انٹرن شپ کے مواقع اور کریئر سے متعلق عملی تجربات تک رسائی حاصل ہو۔ اس کے علاوہ، گورنر Hochul (ہوکل) نے SUNY میں امپائر اسٹیٹ سروس کور کو

دوگنا کیا، جس سے ان کے اس عزم کو مزید تقویت ملی کہ ہر طالب علم کو اپنی کمیونٹی میں حصہ لینے کا موقع حاصل ہو۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت کی کمشنر Roberta Reardon (رابرٹا ریئرڈن) نے کہا، "اعلیٰ معیار کی، مختصر مدتی اسناد کے لیے پیل گرانٹ کی اہلیت میں توسیع کر کے، ہم نیو یارک کے ان ہزاروں شہریوں کے لیے مواقع کے دروازے کھول رہے ہیں جنہیں اپنے خاندان کی کفالت کے قابل بنانے والے کریئر تک پہنچنے کے لیے تیز رفتار راستوں کی ضرورت ہے۔ یہ اقدام تربیت کو براہِ راست ہمارے آجروں کی موجودہ ضروریات سے ہم آہنگ کرتا ہے۔ چاہے جدید مینوفیکچرنگ ہو، نگہداشتِ صحت ہو، یا صاف توانائی، یہ پروگرام یقینی بناتا ہے کہ ہماری افرادی قوت کے پاس نیو یارک کی معیشت کو تقویت دینے کے لیے ضروری مہارتیں موجود ہیں۔"

SUNY کے چانسلر John B. King Jr. (جان بی کنگ) نے کہا، "SUNY کے کیمپسز افرادی قوت کی ترقی کے ایسے پروگراموں کو وسعت دے رہے ہیں جو سماجی و معاشی ترقی کے مواقع بڑھاتے ہیں اور طلبہ کو امید افزا کریئرز کے لیے زیادہ طلب والی مہارتوں سے آراستہ کرتے ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی مسلسل قیادت کے ذریعے، ورک فورس پیل اعلیٰ تعلیم کے ایسے پروگراموں تک رسائی بڑھا رہا ہے جو زندگیوں میں تبدیلی لاتے ہیں اور ریاست نیو یارک کی آئندہ نسل کی افرادی قوت کو مضبوط بناتے ہیں۔"

SUNY بورڈ آف ٹرسٹیز (SUNY Board of Trustees) نے کہا، "ریاست نیو یارک بھر میں، SUNY افرادی قوت کی ترقی کے پروگراموں کو تعلیمی عمدگی کے ایک اہم حصے کے طور پر مضبوط بنا رہا ہے، جو طلبہ کو اپنی تعلیمی پیش رفت کے دوران اور اس کے بعد بھی کامیاب ہونے میں مدد دیتے ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) اور ریاستی مقننہ کا ان اقدامات کے لیے مسلسل تعاون کرنے پر شکریہ، جو افرادی قوت کی اہم ضروریات پوری کرتے ہیں اور یہ یقینی بناتے ہیں کہ طلبہ زیادہ طلب والے کریئرز کے لیے تیار ہوں۔"

CUNY کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez (فیلکس وی ماٹوس روڈریگز) نے کہا، "وفاقی ورک فورس پیل کے نفاذ سے CUNY کے اہل جاری تعلیمی پروگراموں کے طلبہ کو اعلیٰ معیار کی، مختصر مدتی تربیت تک براہِ راست رسائی حاصل ہو گی۔ یہ توسیع CUNY کے سماجی و معاشی ترقی کے عزم کو مزید تقویت دیتی ہے، اور بالغ متعلمین کو قرض لیے بغیر بلند شرح نمو والے شعبوں میں صنعت سے ہم آہنگ اسناد تیزی سے حاصل کرنے میں مدد دیتی ہے۔ ہم ورک فورس پیل مشاورتی کمیٹی قائم کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتے ہیں، تاکہ ان وسائل کی فوری تقسیم یقینی بنائی جا سکے اور نیو یارک کے مزید شہریوں کو پائیدار کریئرز سے جوڑا جا سکے۔"

ریاستی سینیٹر Toby Ann Stavisky (ٹوبی این اسٹیوسکی) نے کہا، "جن لوگوں کو اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے، وہی لوگ ہیں جو کام چھوڑ نہیں سکتے۔ ان کے پاس پہلے ہی ایک ملازمت ہوتی ہے، اکثر ایک سے بھی زیادہ، اور وہ اپنی زندگی بہتر بنانے کی کوشش کر رہے ہوتے ہیں۔ وفاقی امداد کبھی ان لوگوں کو مدِنظر رکھ کر نہیں بنائی گئی تھی۔ ورک فورس پیل اس کمی کو دور کرتا ہے، اور وہ بھی ان شعبوں میں جہاں نیو یارک کو کارکنوں کی اشد ضرورت ہے۔ پورٹل کھولنے اور اس اقدام کو آگے بڑھانے پر میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

کمیشن برائے خود مختار کالجز اور یونیورسٹیز (Commission on Independent Colleges and Universities) کی صدر Lola W. Brabham (لولا ڈبلیو بریبھم) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) ایسی راہوں میں مسلسل توسیع کر رہی ہیں جو نیو یارک کے شہریوں کو تعلیم، مواقع اور اچھی تنخواہ والے کریئرز سے جوڑتی ہیں۔ ورک فورس پیل اعلیٰ معیار کی، مختصر مدتی اسناد تک رسائی میں حائل رکاوٹیں کم کرنے میں مدد دے گا، جس سے نیو یارک کے شہریوں کو اپنی مہارتیں بہتر بنانے کے مواقع ملیں گے اور ساتھ ہی زیادہ طلب والے اہم شعبوں میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ خودمختار تعلیم کا شعبہ اس کوشش میں شراکت دار ہونے پر فخر محسوس کرتا ہے اور ہم گورنر کے ساتھ مل کر ایسا پروگرام نافذ کرنے کے منتظر ہیں جو طلبہ کی کامیابی کی معاونت کرے، نیو یارک کی افرادی قوت کی ضروریات پوری کرے اور طویل مدتی تعلیمی راستے بنائے، تاکہ طلبہ اپنے پورے کریئر کے دوران اپنی مہارتوں اور اسناد میں مسلسل اضافہ کر سکیں۔"

نیو یارک کی ایسوسی ایشن برائے پرائیویٹ کالجز (New York's Association of Private Colleges, APC) کی صدر Donna Stelling-Gurnett (ڈونا اسٹیلنگ گرنیٹ) نے کہا، "اعلیٰ معیار کے، مختصر مدتی افرادی قوت کے پروگراموں کے لیے پیل گرانٹ کی اہلیت مزید طلبہ کو ایسی تعلیم اور تربیت حاصل کرنے کی لچک دے گی جو ریاست کی افرادی قوت میں موجود خلا کو پُر کریں اور انہیں طویل مدتی کریئرز سے جوڑے گی۔ APC ادارے اس بات کو تسلیم کرنے پر کہ طلبہ کو مواقع تک پہنچنے کے لیے اضافی راستوں کی ضرورت ہے، گورنر Hochul (ہوکل) کو سراہتے ہیں اور ایسے اقدامات کی حمایت کے لیے پُرعزم ہیں کہ جو نیو یارک کے شہریوں کے لیے مزید مواقع کے دروازے کھولیں گے۔"

ورک فورس پیل بالغ متعلمین کو مزید لچک فراہم کرتا ہے۔ وہ طلبہ جو پہلے ہی بیچلر ڈگری حاصل کر چکے ہیں، بدستور ورک فورس پیل کے لیے اہل رہیں گے، جس سے نیو یارک کے شہری بھاری قرض کا بوجھ اٹھائے بغیر اپنے کریئر کو ابھرتے ہوئے، زیادہ طلب والے شعبوں کی طرف منتقل کر سکیں گے۔ ریاست NY جائزے کے لیے بلند شرح نمو والے، زیادہ طلب والے شعبوں کو ترجیح دے گی، جن میں جدید مینوفیکچرنگ، مصنوعی ذہانت، ہوابازی کا انتظام اور فضائی ٹریفک کنٹرول، سائبر سیکیورٹی، ہنگامی انتظام، انجینیئرنگ، سبز اور قابلِ تجدید توانائی، نرسنگ اور معاون صحت کے شعبے، قلت والے شعبوں میں تدریس کے راستے (جن میں ابتدائی بچپن کی تعلیم اور بچوں کی نگہداشت شامل ہیں)، سپلائی چین مینجمنٹ/لاجسٹکس اور ٹیکنالوجی شامل ہیں۔

ریاست نیو یارک بھر کے اہل اعلیٰ تعلیم کے اداروں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ انتظامی پالیسیوں کا جائزہ لیں، اہل WIOA اور پرکنز V صنعتوں اور پیشوں کا جائزہ لیں، اور ریاستی پورٹل کے ذریعے اپنے پروگراموں کی درخواستیں جمع کروائیں۔

مزید معلومات کے لیے، مشاورتی کمیٹی کا شیڈول دیکھنے کے لیے، یا پروگرام کی درخواست جمع کروانے کے لیے ny.gov/WorkforcePell ملاحظہ کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔